بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رضاخانی مسیلمی گستاخوں نے اپنے آلہ حضرت احمق رضاخان المعروف احمد رضاخان کی غیر شرعی وصایا بدتمیز المعروف ''وصایا شریف'' میں جگہ جگہ تحریفات کردی ہیں اور اصل وصایا کو بالکل غائب کروادیا ہے۔ اہلحق میڈیا سروس احمد رضاخان صاحب کی اصل وصایا آپ کے سامنے پیش کررہا ہے تاکہ بوقت ضرورت حوالہ دینے کے کام آسکے

رضاخانیوں اور دیگر باطل فرقوں کی حقیقت جاننے کیلیئے وزٹ کریں

www.Haqforum.com

www.Ahlehaq.com

www.Sunni-media.com

www.RazaKhanimazhab.com

www.BarelviMazhab.tk

www.youtube.com/deobanddefender

www.youtube.com/razakhanimazhab

ساجد جان حنفی

مسلمانوں کے لیے ایک انمول دستور العمل

یعنی

حضور پرنور اعلیحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے

وصایا شریف

جسکو

جناب مولانا مولوی حسنین رضا خان صاحب نے بعض ضروری حالات کے ساتھ مرتب کیا

اور جماعت مبارکہ رضائے مصطفےٰ بریلی نے اپنے صرف سے

بالمکرر ابو العلائی پریس آگرہ میں چھپوایا

3/-



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ دَکَفٰی وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِہٖ وصحبہ وحزبہ وابنہ یا اللہ ابدًا ابدًا

بحیثیت اسکے کہ یہ رسالہ **اعلیٰحضرت** رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے وصایا پر مشتمل ہے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ مکتوب وصایا کے ساتھ بعض اون ملفوظ وصایا کو بھی جمع کردوں جو زمانہ علالت میں وقتاً فوقتاً ارشاد ہوئے۔

یوں تو اونکی مجلس میں ہر بیٹھنے والا ہمیشہ نصائح کے انمول موتیوں سے دامن مراد بھر کر اُٹھتا مگر خوشخبری ہی اوس کو جس نے اون نصائح کو گوش دل سے سنا اور اون پر عمل کیا افسوس ہی کہ وہ ذرہ اہر اوس دُرفشانی کے ساتھ ہی سلک تحریر میں نہ آسکے جو دو چار باتیں میرے خیال میں ہیں حوالہ قلم کرتا ہوں۔ اسی اثنا کے بعض ضروری حالات بھی اضافہ کروں گا۔

اعلیٰحضرت قبلہ رضی اللہ عنہ ۱۲ **محرم ۱۳۴۰ھ** کو بھوالی سے واپس تشریف لائے مسلمانان بریلی نے بڑا شاندار استقبال کیا حضور والا کے تشریف لاتے ہی بریلی میں چہل پہل ہو گئی

بھوالی میں اعلیٰحضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو درد پہلو کا دورہ پڑ چکا تھا اوس سے ضعف شدید ہو گیا وطن اور بیرونجات کے دور دراز مقامات سے مسلمان عیادت وبیعت کیلئے گروہ گروہ آتے جاتے رہے باوجود نقاہت اونکی ہر مجلس عیادت تذکیر ونصائح کا ذخیرہ ہوتی اُن کی کبھی کوئی مجلس سرکار دوعالم تاجدار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر شریف سے خالی نہ گئی مگر اس دوران علالت میں بکثرت ذکر شاہ رسالت علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیۃ فرماتے اور خصوصیت کے ساتھ اپنے اور تمام مسلمانوں کے لئے حسن خاتمہ کی دعا فرماتے تضرع وخشیت کی یہ حالت تھی کہ اکثر احادیث رقاق ذکر فرماتے خود اپنی نیز حاضرین کی روتے روتے ہچکی بندھ جاتی اکثر اوقات فرماتے کہ جس کا خاتمہ ایمان پر ہو گیا اوس نے سب کچھ پالیا کبھی فرماتے اگر بخشدے اوس کا فضل ہے نہ بخشے تو عدل ہے۔ عرس شریف میں قل کیوقت لوگوں کو مکان میں طلب فرمایا یہ وعظ ونصیحت کی آخری صحبت تھی اور رشد وارشاد کا پچھلا دور مولٰنا امجد علی صاحب نے کچھ وصایا شریف قلمبند کئے تھے جو خود حضور اقدس نے القا فرمائے تھے۔ افسوس ہی کہ وہ کہیں کاغذات میں ایسے مل گئے کہ اون کا ابتک پتہ نہ چلا روز عرس کچھ کلمات طیبات جو بطور وصایا ارشاد ہوئے اونکی برکات سے حصہ لینے کے لئے گوش گذار ناظرین کئے جاتے ہیں:-

ملفوظ وصایا

پیارے بھائیو! میں نہیں جانتا کہ میں کتنے دن تمہارے اندر ٹھہروں تین ہی وقت ہوتے ہیں۔ بچپن۔ جوانی۔ بڑھاپا۔ بچپن گیا جوانی آئی جوانی گئی بڑھاپا آیا اب کونسا چوتھا وقت آنے والا ہے جس کا انتظار کیا جائے ایک موت ہی باقی ہے۔ اللہ قادر ہے کہ ایسی ہزار مجلسیں عطا فرمائے اور آپ سب لوگ ہوں میں ہوں اور میں آپ لوگوں کو سناتا ہوں مگر بظاہر اب اس کی اُمید نہیں اسوقت میں دو **وصیتیں آپ لوگوں کو کرنا چاہتا ہوں ایک تو اللہ و رسول**

جل جلالہ وصلی اللہ تعالے علیہ وسلم) کی اور دوسری خود میری تم مصطفے صلی اللہ تعالے
علیہ وسلم کی بھولی بھیڑیں ہو بھیڑئے تمھارے چاروں طرف ہیں یہ چاہتے ہیں کہ تمھیں بہکا دیں
تمھیں فتنے میں ڈالدیں تمھیں اپنے ساتھ جہنم میں لیجائیں اون سے بچو اور دور بھاگو
دیوبندی ہوئے رافضی ہوئے نیچری ہوئے قادیانی ہوئے چکڑالوی ہوئے غرض
کتنے ہی فرقے ہوئے اور اب سب سے نئے گاندھوی ہوئے جنھوں نے ان سب کو
اپنے اندر لے لیا یہ سب بھیڑئے ہیں تمھارے ایمان کی تاک میں ہیں ان کے حملوں سے
اپنا ایمان بچاؤ۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم رب العزۃ جل جلالہ کے نور ہیں حضور سے صحابہ روشن
ہوئے اونسے تابعین روشن ہوئے تابعین سے تبع تابعین روشن ہوئے اون سے ائمہ مجتہدین
روشن ہوئے اون سے ہم روشن ہوئے اب ہم تم سے کہتے ہیں یہ نور ہم سے لو ہمیں اسکی ضرورت ہو کہ تم ہم
سے روشن ہو وہ نور یہ ہے کہ اللہ و رسول کی سچی محبت اون کی تعظیم اور اون کے دوستوں
کی خدمت اور اون کی تکریم اور اون کے دشمنوں سے سچی عداوت جس سے اللہ و رسول کی شان
میں ادنی توہین پاؤ پھر وہ تمھارا کیسا ہی پیارا کیوں نہ ہو فوراً اوس سے جدا ہو جاؤ جس کو بارگاہ
رسالت میں ذرا بھی گستاخ دیکھو پھر وہ تمھارا کیسا ہی بزرگ معظم کیوں نہ ہو اپنے اندر
سے اوسے دودھ سے مکھی کی طرح نکالکر پھینکدو میں پونے چودہ برس کی عمر سے یہی
بتاتا رہا اور اس وقت پھر یہی عرض کرتا ہوں۔ اللہ تعالی ضرور اپنے دین کی حمایت کے
لئے کسی بندے کو کھڑا کر دیگا مگر نہیں معلوم میرے بعد جو آئے کیسا ہو اور تمھیں کیا بتائے
اس لئے ان باتوں کو خوب سنلو حجۃ اللہ قائم ہو چکی اب میں قبر سے اٹھکر تمھارے
پاس بتانے نہ آؤں گا جس نے اسے سنا اور مانا قیامت کے دن اوسکے لئے نور و
نجات ہے اور جس نے نہ مانا اوسکے لئے ظلمت و ہلاک یہ تو خدا و رسول کی وصیت ہے
جو یہاں موجود ہیں سنیں اور مانیں اور جو یہاں موجود نہیں تو حاضرین پر فرض ہے کہ

غائبین کو اس سے آگاہ کریں اور دوسری میری وصیت ہے آپ حضرات نے کبھی مجھے
کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچنے دی میرے کام آپ لوگوں نے خود کئے مجھے نکرنے دئے
اللہ تعالے آپ سب صاحبوں کو جزائے خیر دے مجھے آپ صاحبوں سے امید ہے
کہ قبر میں بھی اپنی جانب سے کسی قسم کی تکلیف کے باعث نہ ہونگے۔ میں نے تمام
اہل سنت سے اپنے حقوق لوجہ اللہ معاف کردئے ہیں آپ لوگوں سے دست بستہ
عرض ہے کہ مجھسے جو کچھ آپ کے حقوق میں فروگذاشت ہوئی ہے وہ سب معاف کردیں
اور حاضرین پر میرا فرض ہے کہ جو حضرات یہاں موجود نہیں اون سے میری معافی کرالیں۔

ختم جلسہ کیوقت فرمایا کہ اللہ تعالی کے فضل اور اوسکے کرم سے اس گھر سے فتوے نکلتے
نوے برس سے زائد ہوگئے میرے دادا صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مدت العمر یہ کام کیا جب
وہ تشریف لیگئے تو اپنی جگہ میرے والد ماجد قدس سرہ العزیز کو چھوڑا میں نے چودہ
سال کی عمر میں اون سے یہ کام لے لیا پھر چند روز بعد امامت بھی اپنے ذمے کر لی
غرضکہ میں نے اپنی صغر سنی میں کوئی بار اون پر نہ رہنے دیا جب اونھوں نے رحلت فرمائی
تو مجھے چھوڑا اور اب میں تم تین کو چھوڑتا ہوں تم ہو[عہ] مصطفے رضا ہیں تمھارا بھائی حسنین ہے
سب مل کر کام کروگے تو خدا کے فضل و کرم سے کرسکوگے اللہ تمھاری مدد فرمائیگا۔

اسکے بعد اپنے پس ماندوں کے حق میں خدمت دین و ترقی علم کی[عہ] دعا فرمائی۔

ان مبارک وصایا نے مجمع پر ایسا گہرا اثر ڈالا کہ لوگ دھاڑیں مار مار کر روئے لوگوں کا اوس روز
بلک بلک کر رونا عمر بھر یاد رہیگا کچھ اوسروز ہی اپنی رحلت کی تصریح نفرمائی بلکہ اسکے بعد سے
یوم الوصال تک لگاتار خبریں اپنی وفات شریف کی دیں اور ایسے وثوق سے کہ گویا منٹ
منٹ کی خبر ہی میں رہے تمام واقعات اپنی ان آنکھوں سے دیکھے ہیں یہ کہنے کیلئے بالکل

عہ یہ خطاب خلف اکبر مخدومنا حضرت مولانا شاہ مولوی محمد حامد رضا خاں صاحب سے ہے ۱۲

عہ اے اللہ تو ان ناتوان ہاتھوں کی لاج رکھنے جو ہمیشہ تیرے ہی آگے پھیلے ہیں ۱۲

مجبور ہوں کہ اعلیٰحضرت قبلہ رحمۃ اللہ علیہ جو تفرد اور امتیاز دور جدید کے علماء ظاہر میں رکھتے تھے وہ ہی علو و برتری انھیں طبقۂ اولیا میں بھی حاصل تھی ان کثیر اخبار میں سے بعض کو حوالۂ قلم کرتا ہوں۔

اخبار ارتحال

رمضان شریف ۱۳۳۹ھ میں اعلیٰحضرت قبلہ بھوالی عہ تشریف رکھتے تھے اور آپکی منجھلی صاحبزادی صاحبہ مرحومہ بغرض علاج نینی تال میں مقیم تھیں یہ کم و بیش تین برس سے علیل تھیں اور ایسی سخت کہ بارہا مایوسی ہو چکی تھی جب نماز عید پڑھانے کے لئے نینی تال تشریف لانا ہوا تو صاحبزادی صاحبہ نے اشتداد مرض کی کیفیت عرض کی سُنا۔ چلتے وقت فرمایا کہ میں ان شاء اللہ تمھارا داغ نہ دیکھونگا حالانکہ وہ بہت زیادہ بیمار تھیں اور حضور والا کے بعد صرف ۲۷ ہی روز زندہ رہیں ۲۳ ربیع الاول ۱۳۴۰ھ میں سفر آخرت اختیار کیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

وصال شریف سے دو روز قبل چہارشنبہ کو بڑی شدت سے لرزہ ہوا جناب بھائی حکیم حسین رضا خاں صاحب کو نبض دکھائی بھائی صاحب قبلہ کو نبض نہ ملی دریافت فرمایا نبض کی کیا حالت ہے اونھوں نے گھبراہٹ اور پریشانی میں عرض کیا ضعف کے سبب سے نہیں ملتی اسپر دریافت فرمایا آج کیا دن ہے لوگوں نے عرض کیا چہارشنبہ ہے ارشاد فرمایا جمعہ عہ پرسوں ہے یہ فرما کر دیر تک حسبنا اللہ نعم الوکیل پڑھتے رہے۔

عہ بھوالی تشریف لیجانیکا نکتہ یہ ہے کہ فرائض کی تکمیل عظمت اعلیٰحضرت کا قلب ایسی محسوس کرتا تھا جو اولیاء کاملین کا مخصوص حصہ ہے گوناگوں امراض اور فراوان ضعف سے یہ طاقت نہ رکھتے تھے کہ موسم گرما میں روزہ رکھ سکیں اس لئے آپ نے اپنے حق میں یہ فتویٰ دیا تھا کہ پہاڑ پر سردی ہوتی ہے وہاں روزہ رکھ لینا ممکن ہے تو روزہ رکھنے کے لئے وہاں جانا استطاعت کی وجہ سے فرض ہو گیا ۱۲

عہ میں اس وقت حاضر تھا کہنے والے نے میرے دل میں فوراً کہدیا کہ امام اہل سنت جمعہ کے بعد ہم میں رہنے والے نہیں ۱۲

شب پنجشنبہ میں اہل بیت نے چاہا کہ جاگیں شاید کوئی ضرورت ہو منع فرمایا جب انھوں نے زیادہ اصرار کیا تو ارشاد فرمایا ان شاء اللہ یہ رات وہ نہیں ہے جو تمھارا خیال ہے تم سب سو رہو۔

وصال کے روز ارشاد فرمایا پچھلے جمعہ میں کرسی حہ پر جانا ہوا آج چار پائی پر جانا ہوگا پھر فرمایا میری وجہ سے نماز جمعہ میں تاخیر نہ کرنا۔

عالیجناب چودھری عبد الحمید خاں صاحب رئیس سہاور مصنف کنز الآخرۃ (جو اعلیٰحضرت قبلہ کے عقیدت کیش مخلص ہیں) وصال شریف سے کچھ قبل ملنے کے لئے تشریف لے گئے - اعلیٰحضرت قبلہ سے عرض کیا کہ حکیم عابد علی صاحب کونڈ ستیاپور کے ایک پرانے طبیب ہیں صحیح العقیدہ سنی اور فقیر دوست ہیں میرے خیال سے انھیں بلا لیا جائے ارشاد فرمایا کہ انسان آخر وقت تک تدبیر نہیں چھوڑتا اور یہ نہیں سمجھتا کہ اب تدبیر کا وقت نہیں رہا جمعہ کے روز کچھ تناول نہ فرمایا بھائی حکیم حسین رضا خاں صاحب حاضر خدمت تھے اعلیٰحضرت قبلہ کو خشک ڈکار آئی ارشاد فرمایا خیال عہ رہے معدہ خالی ہے ڈکار خشک آئی ہے اس پر بھی احتیاطاً وصال سے کچھ قبل چوکی پر تشریف لے گئے جمعہ کے روز صبح سے سفر آخرت کی تیاریاں ہوتی رہیں جائداد کے متعلق وقف نامہ تکمیل فرمایا جائداد کی چوتھائی آمدنی مصرف خیر میں رکھی باقی اپنے ورثا پر بحصص شرعی وقف علی الاولاد فرمادی پھر وصیت نامہ مرتب فرمایا جو درج ذیل ہے۔

حہ جب سے حضور والا کو ضعف لاحق ہوا اور چلنے سے معذوری ہوئی کرسی پر پنجگانہ نماز کو تشریف لاتے رہے اور تمام فرائض باجماعت ہی ادا فرماتے رہے اس مرتبہ بھوالی سے واپسی پر بے انتہا ضعف لاحق ہوا تو صرف جمعہ ہی باجماعت ادا فرمایا کئے حتیٰ کہ جمعۃ الوصال سے پہلے والا جمعہ بھی باجماعت ادا فرمایا۔

عہ وقت غسل نجاست خارج ہوتی ہے حضور والا نے اسکا پہلے سے اہتمام فرما لیا تھا اُسدن کچھ غذا نہ کھائی اور وصال سے کچھ قبل اسی لئے چوکی پر تشریف لے گئے ۱۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم

مکتوب وصایا

جو وصال شریف سے دو گھنٹہ ۱۷ منٹ پیشتر قلمبند کرائے اور آخر میں حمد و درود شریف و دستخط خود دست قدس سے تحریر فرمائے

(۱) شروع نزع کے قریب کارڈ لفافے روپیہ پیسہ کوئی تصویر اس دالان میں نہ رہے جنب یا حائض نہ آنے پائے۔ کتا مکان میں نہ آئے۔

(۲) سورۂ یٰسین و سورۂ رعد باواز پڑھی جائیں کلمہ طیبہ سینہ پر دم آنے تک متواتر باواز پڑھا جائے۔ کوئی چلا کر بات نہ کرے۔ کوئی رونے والا بچہ مکان میں نہ آئے۔

(۳) بعد قبض فوراً نرم ہاتھوں سے آنکھیں بند کردی جائیں بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰہِ کہکر نزع میں نہایت سرد پانی ممکن ہو تو برف کا پلایا جائے ہاتھ پاؤں دعا پڑھ کر سیدھے کردئے جائیں پھر اصلاً کوئی نہ روئے۔ وقت نزع میرے اور اپنے لئے دعائے خیر مانگتے رہو۔ کوئی کلمہ برا زبان سے نہ نکلے کہ فرشتے آمین کہتے ہیں جنازہ اوٹھتے وقت خبردار کوئی آواز نہ نکلے۔

(۴) غسل وغیرہ سب مطابق سنت ہو حامد رضا خاں وہ دعائیں ٭ کہ فتاوی میں لکھی ہیں خوب ازبر کرلیں تو وہ نماز پڑھائیں ورنہ مولوی امجد علی۔

(۵) جنازہ میں بلاوجہ شرعی تاخیر نہ ہو جنازہ کے آگے اگر پڑھیں تو یہ عـه گرودں درود اور ذریعہ قادریہ

عـه یہ دونوں نظمیں خود حضور پرنور اعلیحضرت قبلہ کی ہیں اور پہلی حدائق بخشش (حصہ دوم) میں طبع ہوئی ہیں جسمیں حضور پرنور کا تازہ کلام جمع کرکے حال میں شایع کیا گیا ہے ۔

(۶) خبردار کوئی شعر میری مدح کا نہ پڑھا جائے۔ یوہیں قبر پر۔

(۷) قبر میں بہت آہستگی سے اتاریں۔ دہنی کروٹ پر وہی دعا پڑھکر لٹائیں نیچے نرم مٹی کا پشتارہ لگادیں۔

(۸) جبتک قبر طیار ہو سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ عُبَیْدَکَ ھٰذَا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ بِجَاہِ نَبِیِّکَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ پڑھتے رہیں ... قبر پر لیجائیں ... تقسیم کردیں وہاں بہت غل ہوتا ہے اور قبروں کی بیحرمتی۔

(۹) بعد طیاری قبر سرہانے الٓمٓ مُفْلِحُوْنَ پائنتی اٰمَنَ الرَّسُوْلُ تا آخر سورہ پڑھیں اور ست بار بآواز بلند حامد رضا خاں اذان کہیں پھر سب الس آئیں اور ملقن میرے مواجہ میں کھڑے ہوکر ۳ بار تلقین کریں پیچھے ہٹ ہٹ کر پھر اعزا احبا چلے جائیں اور ڈیڑھ گھنٹہ میرے مواجہ میں درود شریف ایسی آواز میں پڑھیں کہ میں سنوں پھر مجھے ارحم الراحمین کے سپرد کرکے چلے آئیں اور اگر تکلیف گوارا ہوسکے تو تین شبانہ روز کامل پہرے کے ساتھ دو عزیز یا دوست مواجہ میں قرآن مجید و درود شریف ایسی آواز سے بلا وقفہ پڑھتے رہیں کہ اللہ چاہے تو اس نئے مکان سے دل لگ جائے۔

(۱۰) کفن پر کوئی دو شالہ یا قیمتی چیز یا شامیانہ نہ ہو۔ کوئی بات خلاف سنت نہ ہو۔

(۱۱) فاتحہ کے کھانے سے اغنیا کو کچھ نہ دیا جائے صرف عـه نقرا کو دیں اور وہ بھی اعزاز اور خاطر داری کے ساتھ نہ کہ جھڑک کر غرض کوئی بات خلاف سنت نہ ہو۔

(۱۲) اعزا سے اگر بطیب خاطر ممکن ہو تو فاتحہ میں ہفتہ میں دو تین بار ان اشیاء سے بھی کچھ بھیجدیا کریں دودھ کا برف خانہ ساز اگرچہ بھینس کے دودھ کا ہو۔ مرغ کی بریانی مرغ پلاؤ۔ خواہ بکری کا شامی کباب۔ پراٹھے اور بالائی۔ فیرنی۔ اردکی پھریری دال مع ادرک و لوازم۔ گوشت بھری کچوریاں سیب کا پانی۔ انار

عـه اعلیحضرت قبلہ ان ابرار میں سے تھے جو آیۂ کریمہ وَفِیْ اَمْوَالِھِمْ حَقٌّ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُوْمِ کے مصداق ہیں حضور والا کو مدت العمر غربا سے محبت رہی ان کی امداد و اعانت فرماتے رہے اور وقت وصال بھی انھیں کا خیال ہے کہ اپنے مرغوب کھانے انھیں پہنچتے رہیں شان کرم یہ ہے۔

کا پانی سوڈے کی بوتل۔ دودھ کا شربت اگر روزانہ ایک چیز ہو سکے یوں کرو۔ یا جیسے مناسب جانو مگر بطیب خاطر میرے لکھنے پر مجبورانہ نہو۔

(۱۳) ننھے میاں سلمہ کی نسبت جو خیالات حامد رضا خاں کے ہیں میں نے تحقیق کیا سب غلط ہیں اور وہ احکام بے اصل یہ شرعی مسئلہ سے کہتا ہوں نہ رعایت سے ان کی غلط فہمی ہے ان پر ان کی اطاعت و محبت واجب ہے اور ان پر ان سے محبت و شفقت لازم جو اس کے خلاف کریگا اس سے میری روح ناراض ہوگی۔

(۱۴) رضا حسین حسنین اور تم سب محبت و اتفاق سے رہو اور حتی الامکان اتباع شریعت نہ چھوڑو اور میرا دین و مذہب جو میری کتب سے ظاہر ہے اس پر مضبوطی سے قائم رہنا ہر فرض سے اہم فرض ہے اللہ توفیق دے۔ والسلام ۲۵ صفر ۱۳۴۰ھ روز جمعہ مبارکہ ۲ بجکر ۱۰ منٹ پر یہ وصایا قلمبند ہوئے بقلم خود بحالت صحت حواس واللہ شہید وللہ الحمد و صلی اللہ تعالیٰ و بارک وسلم علی شفیع المذنبین و آلہ الطیبین و صحبہ المکرمین و ابنہ و حزبہ الی ابد الآبدین آمین والحمد للہ رب العلمین۔

دستخط

مجدد مأتہ حاضرہ

اعلیٰ حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی ولادت و وفات کی تاریخیں خود تحریر فرمائی ہیں ان کا ذکر یہاں ضروری ہے لہذا میں مناسب خیال کرتا ہوں کہ مخدومی عالیجناب صاحبزادہ مولنا سید محمد صاحب اشرفی کا وہ مضمون جو تاریخوں پر مشتمل ہے پورا درج کردوں۔

اِمامُ الہُدٰی عبدُ المصطفٰی احمد رضا علیہ الرحمۃ

حدیث شریف میں فرمایا اِنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ لِھٰذِہِ الْاُمَّۃِ عَلٰی رَاْسِ کُلِّ مِائَۃِ سَنَۃٍ مَنْ یُّجَدِّدُ لَھَا اَمْرَ دِیْنِھَا اللہ تعالیٰ اس امت کے لئے ہر صدی کے سرے پر مجدد دین بھیجتا ہے رواہ ابو داود فی سننہ و حسن بن سفیان فی مسندہ والبزار فی المسند والطبرانی فی المعجم الاوسط وابن عدی فی الکامل والحاکم فی المستدرک وابو نعیم فی الحلیۃ والبیہقی فی المدخل وغیرہم من المحدثین اس حدیث جلیل کی شرح میں شیخ الاسلام بدر الدین ابدال رسالہ مرضیۃ الرأی فی نصرۃ مذہب الاشعریۃ میں لکھتے ہیں اِعْلَمْ اَنَّ الْمُجَدِّدَ اِنَّمَا ھُوَ بِغَلَبَۃِ الظَّنِّ مِمَّنْ عَاصَرَہٗ بِقَرَائِنِ اَحْوَالِہٖ وَالْاِنْتِفَاعِ بِعِلْمِہٖ وَلَا یَکُوْنُ الْمُجَدِّدُ اِلَّا عَالِمًا بِالْعُلُوْمِ الدِّیْنِیَّۃِ الظَّاھِرَۃِ وَالْبَاطِنَۃِ نَاصِرًا لِّلسُّنَّۃِ قَامِعًا لِّلْبِدْعَۃِ یعنی مجدد کی شناخت قرائن احوال سے کی جائے اور دیکھا جائے کہ اس کے علم نے کیا نفع پہنچایا اور مجدد وہی ہوگا جو علوم دینیہ ظاہرہ و باطنہ کا عالم و عارف ہو سنت کا مددگار ہو بدعت کا اکھاڑنے والا ہو۔

امام جلال الدین سیوطی مرقاۃ الصعود شرح سنن ابی داود میں فرماتے ہیں:۔ وَالَّذِیْ یَنْبَغِیْ اَنْ یَّکُوْنَ الْمَبْعُوْثُ عَلٰی رَاْسِ الْمِائَۃِ رَجُلًا مَّشْھُوْرًا مَّعْرُوْفًا مُّشَارًا اِلَیْہِ وَقَدْ کَانَ قَبْلَ کُلِّ مِائَۃٍ اَیْضًا مَنْ یَّقُوْمُ بِاَمْرِ الدِّیْنِ وَالْمُرَادُ بِالذِّکْرِ مَنِ انْقَضَتِ الْمِائَۃُ وَھُوَ حَیٌّ عَالِمٌ مَّشْھُوْرٌ مُّشَارٌ اِلَیْہِ ملخصا یعنی اچھا یہ ہے کہ صدی کا مجدد وہ شخص ہو جو مشہور معروف ہو اور امور دین میں جس کی طرف اشارہ کیا جاتا ہو اور پہلے بھی ہر صدی میں مجدد ہوتے ہیں اور مراد یہ ہے کہ مجدد صدی گذشتہ کے خاتمہ پر اپنی زندگی میں مشہور عالم اور علما کا مشار الیہ ہو۔ چونکہ حدیث شریف ہم کو ہر صدی میں ایک مجدد کی تشریف آوری کی بشارت سناتی ہے۔ ائمہ کرام پتہ دیتے ہیں کہ گذشتہ صدی کے آخری حصہ میں جس کی شہرت ہو چکی ہو اور موجودہ صدی میں بھی دو کر

علوم سمجھا جاتا ہو اُس کے قدم مجدد کے قدم ہیں۔

اب آؤ دیکھیں کہ تیرہویں صدی گذر گئی اور چودھویں صدی قریب نصف حصّہ کے طے کر چکی ہمارا مجدد تیرہویں صدی میں پیدا ہو چکا اور شہرت حاصل کر چکا اور چودھویں صدی میں علمار دین کا مشارٌ الیہ قرار پا چکا جس پر علامہ بدرالدین ابدال امام سیوطی کی شہادت گذر چکی۔ اس کی تلاش کرو۔

ہمیں اس جستجو میں آسمان پر پرواز کی حاجت نہیں کرۂ زمین کے طواف کی ضرورت نہیں ربع مسکون وہ بھی صرف آبادیِ اسلام وہ بھی صرف آستانِ نجات علمار کرام کی خاک روبی ہمارے مدعا کو کافی ہے اب ہم ہیں اور پُر شوق نگاہیں تمناؤں بھرا دل۔ نظر اُٹھتی ہے تو ہندوستان سے گذر کر سمندر کو طے کر کے اسلام کے مرکز اور دین کے محور مکہ معظمہ و مدینہ طیبہ زادہما اللّٰہ شرفاً و تعظیماً کی گلی گلی کا طواف اور کوچہ کوچہ کا چکر لگا رہی ہے کبھی غلاف کعبہ پکڑے عرض کر رہی ہے کہ اے مالک و مولیٰ جل و علیٰ ہمارے مذہبی رہنما اور دینی پیشوا کا پتہ دے کبھی روضۂ مقدسہ کے سامنے باادب عرض گذار ہے کہ اے دو جہان کے آقا صلوات اللہ وسلامہ علیک ہمیں حضور اپنی بشارت کا مصداق بتائیں۔ اُن عرضیوں کے ساتھ چار آنسو نذر کر رہی ہے الحمد للہ کہ عرضی قبول ہوئی اور عقل سلیم مجالس علمار کی طرف لے چلی اور حرمین محترمین کے مفتیان کرام و آئمہ حرمین عظام و جمیع علمار اسلام کے قدموں پہ ہمیں ڈالدیا۔ ہم چپ ہیں ساکت و صامت ہیں کہ تاب گویائی باقی نہیں ہے اتنا دیکھتے ہیں کہ ان علمار کے دست اقدس میں کوئی معتمد و مستند رسالہ کوئی معتقد و منتقد عجالہ ہے اور اُن کے قلم و زبان کسی کی مداحی میں یوں زمزمہ سنج ہیں مناقب علیہ کا اظہار ان لفظوں سے ہو رہا ہے عالم۔

علامۂ کامل۔ استاذ ماہر۔ مجاہد۔ معرزہ باریکیوں کا خزانہ۔ محفوظ۔ برگزیدہ۔ گنجینہ علوم کے مشکلات ظاہر و باطن کا کھولنے والا۔ دریائے فضائل۔ علمائے عمائد کی آنکھوں کی ٹھنڈک۔ امام پیشوا روشن ستارہ۔ اعدائے اسلام کے لئے تیغ بُران۔ استاد معظم۔ نامور مشہور ہمارا سردار جلیل القدر دریائے ذخار۔ بسیار فضل۔ دلیر۔ بلند ہمت۔ ذہین دانشمند۔ بحر ناپیدا کنار۔ شرف و عزت والا صاحب ذکا۔ ستھرا ہمارا مولیٰ۔ کثیر الفہم۔ منقبتوں اور فخر والا۔ یکتائے زمانہ۔ اپنے وقت کا یگانہ

علمار مکہ۔ اُن کے فضائل پر گواہ۔ **اس صدی کا مجدد**۔ زبردست عالم۔ عظیم الفہم جن کی فضیلتیں وافر۔ بڑائیاں ظاہر۔ دین کے اُصول و فروع میں تصانیف متکاثر مشہور۔ ان کے کمال کا بیان طاقت سے باہر علم کا کوہ بلند۔ طاقتور زبان والا۔ حاوی جمیع علوم۔ ماہر علوم غریبہ دین کا زندہ کرنیوالا۔ وارث نبی۔ سید العلما مایۂ افتخار علما۔ مرکز دائرہ علوم۔ ستارۂ آسمان علوم۔ مسلمانوں کا یاور و نگہبان محکم۔ حامی شریعت خلاصۂ علمار راسخین۔ فخر اکابر۔ کامل سمندر معتمد۔ پشت پناہ۔ محقق اور ولایت صحیحہ کی تصدیق یوں کی جا رہی ہے کہ آفتاب معرفت کثیر الاحسان کریم النفس۔ دریائے معارف مستحبات و سُنن و واجبات و فرائض پر محافظ۔ محمود سیرت ہر کام پسندیدہ۔ صاحب عدل عالم باعمل۔ عالی ہمم۔ نادر روزگار۔ خلاصہ لیل و نہار اللہ کا خاص بندہ۔ عابد۔ دنیا سے بے رغبتی والا۔ عرفان و معرفت والا۔ خبیر۔

میں اُس مالک پر صدقے اُس آقا پر ماں باپ قربان جس سے ایک حامی سنت ماحی بدعت مشہور عالم کی تمنا عرض کی گئی اور ہم کو اس کا پتہ ملا جو سنت و اہل سُنت کا یاور و نگہبان اور بدعت و اہل بدعت کے لئے تیغ براں اور علم میں کوہ بلند۔ کامل ہمت۔ مرکز دائرہ علوم امام و پیشوائے اہل اسلام ہے۔ اُس کا نشان ملا جو نہ صرف باطن کا عالم ہے بلکہ وہ دریائے معرفت اور اللہ کا خاص بندہ۔ عالی ہمم خلاصۂ لیل و نہار ہے بلکہ ہم اُس کو پا گئے جو علمار کی زبان پر **اس صدی کا مجدد** پکارا جاتا ہے۔ وہ کون ہے؟ بدینوں کی آنکھیں کور ہوں حاسدوں کی نگاہوں میں خاک ہو وہ وہی ہے جو بریلی کے مقدس گھرانوں میں ۱۲۷۲ھ کو پیدا ہوا اور ۱۲۸۵ھ کو ۱۳ برس کی عمر شریف میں پروان چڑھا اور علوم کا سرتاج ہو کر منصب افتار کا عزت بخش ہوا اور ۳۰ برس تک تیرہویں صدی میں اپنے فتاویٰ و تصانیف سے علوم کے دریا بہائے اور عرب و عجم نے سر عقیدت ٹیک دئے اور ۱۳۲۴ھ میں اُسکی سرکار اعلیٰ ملبند و بالا کو وہ عروج کامل ہوا کہ ہند و سندھ افغانستان و ترکستان عراق و حجاز خاص حرمین محترمین کے علمار نے زانوئے ادب تہ کر دئے اور عقیدت کے وہ کلمات نذر گزرانے جن کو ابھی تم سُن چکے ہو دیکھو

حسام الحرمین شریف) بتاؤں وہ مجدد کون ہے؟ سنو اور گوش ہوش سے سنو: وہی مقدس مفتی ہے جس کی زبان پر قدرت نے تاریخ ولادت کے لئے اس آیہ کریمہ کی تلاوت کرائی:۔ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ وَاَیَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۱۳ یعنی یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان نقش فرمادیا اور اپنی طرف کی روح سے ان کی مدد فرمائی کچھ سمجھے کہ اُولٰٓئِكَ یعنی وہ لوگ کن کی طرف اشارہ ہے دیکھو کریمہ مذکور کے پہلے کی آیت فرماتا ہے:۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِیْرَتَهُمْ ط یعنی تو نہ پائیگا انھیں جو ایمان لاتے ہیں اللہ و قیامت پر کہ اُن کے دل میں ایسوں کی محبت آنے پائے جنھوں نے خدا و رسول سے مخالفت کی چاہے وہ اُن کے باپ بیٹے یا بھائی یا عزیز ہی کیوں نہ ہوں یہ ہیں وہ لوگ جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان نقش کردیا اور اپنی طرف کی روح سے اُن کی تائید فرمائی۔ تم ہمارے ممدوح کی پاکیزہ زندگی پر ایک نظر کر جاؤ اور کفرہ و مرتدین و فرق ضالین کا جو رد و استیصال فرمایا ہے اُس پر نظر ڈالو تو بیساختہ کہہ اٹھوگے کہ آیہ کریمہ کا خلعت فاخرہ تن اقدس پر کیسا پرزیب ہے۔

اب ذرا کریمہ مذکور کے بعد کی آیت تلاوت کرو فرماتا ہے وَیُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ط یعنی انھیں باغوں میں اللہ تعالیٰ لے جائیگا نیچے نہریں بہہ رہی ہیں ہمیشہ رہینگے اُس میں اللہ اُن سے راضی اور وہ اللہ سے راضی یہی لوگ اللہ والے ہیں خبردار اللہ والے ہی مراد کو پہنچے۔ بتاؤں کہ وہ اللہ والا مجدد کون ہے؟ جس کو آیہ کریمہ کی بشارت کا وہ حق و استحقاق ہے کہ اگر اولٰئك میں بعد لام کے الف کو کتابت میں ظاہر کرو تو اُس کی عمر شریف کی تعداد ۶۸ برس کا پتہ چلتا ہے۔ اب اولائك کی جگہ ممدوح کا تصور کرو اور پاکیزہ حیات کو سوچ کر حق تعالیٰ کہہ سکتے ہو کہ اڑسٹھ برس والا کامل الایمان و مؤید

من اللہ تھا۔

بتاؤں کہ وہ مؤید من اللہ مجدد کون ہے؟ بے دینوں کا ستیاناس ہو حاسدوں کا بُرا ہو وہ وہی مبارک ہستی ہے جس کے علم و کمال و فضل بے مثال نے دشمنوں کی آنکھیں خیرہ کردیں اور اسلام و اہل اسلام کی موجودہ پرشور و شر زمانہ میں پچپن برس تک مدد و محافظت فرماکر دین کو تازہ زندگی عطا کرکے ۱۳۴۰ھ کو اڑسٹھ برس کی عمر شریف میں ہماری نگاہوں سے پوشیدہ ہوگیا اور ۲۵ صفر یوم جمعہ مبارکہ کو اپنے رب سے جاملا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ

بتاؤں کہ وہ محی دین مجدد کون ہے؟ جو اپنی وفات شریف سے چار ماہ بائیس ۲۲ روز قبل بمقام کوہ بھوالی اپنے وصال کی تاریخ یہ فرما چکا ہے بلکہ یوں کہو کہ تاریخ وفات کے لئے بھی جس کی زبان سے قدرت نے یہ آیہ کریمہ تلاوت کرائی۔

وَیُطَافُ عَلَیْهِمْ بِاٰنِیَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ

۱۳۴۰ھ

یعنی خدام چاندی کے کٹورے اور گلاس لئے اُن کو گھیرے ہیں۔ قرآن کریم میں یہ بشارت ابرار کے لئے آئی ہے اور ابرار کے معنی مدارک شریف میں یہ لکھے ہیں هُمُ الصّٰدِقُوْنَ فِی الْاِیْمَانِ اَوِ الَّذِیْنَ لَا یُؤْذُوْنَ الذَّرَّ وَلَا یُضْمِرُوْنَ الشَّرَّ یعنی ابرار کے معنی ہیں سچے ایماندار یا وہ لوگ جو چیونٹی تک کو ایذا نہیں دیتے اور نہ کسی شر کو پوشیدہ رکھیں۔ اب پھر ایک مرتبہ ہمارے ممدوح کی نفیس زندگی کے اوراق کا مطالعہ کرو بے اختیار کہہ پڑوگے کہ ایسا سچا ایماندار ایسا شور و شر کا مٹنے والا اور بلا وجہ شرعی کسی کو رنجیدہ نہ کرنے والا کوئی دوسرا دیکھنے میں نہیں آیا اس کو یاد رکھنا کہ تلاوت آیہ کریمہ مذکور کے ساتھ یہ بھی ارشاد کردیا گیا ہے کہ کریمہ سے و کو نہ پڑھو تو بحساب ابجد ۱۳۴۰ھ ہوتے ہیں جو تاریخ وصال حضرت خاتم المحدثین مولانا وصی احمد صاحب قدس سرہ کی ہے اب اگر دونوں تاریخوں کو ملا کر پڑھو تو یوں کہو کہ۔

يُطَافُ عَلَيْهِم بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ وَّأَكْوَابٍ وَيُطَافُ عَلَيْهِم بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ وَّأَكْوَابٍ

۱۳ ھ ۴۰

یہ عطف اور اختصاص باہمی کا پتہ دیتا ہے جو ضیاء آستانہ پر پوشیدہ نہیں ہے بتاؤں کہ وہ صادق الایمان مجدد کون ہے؟ جس نے اپنی وفات سے عرب و عجم کو تاریک کر دیا اور جس کی ہزاروں تصانیف علیہ اُس کی حیات کو بعونہٖ تعالیٰ باقی رکھینگی جو صرف ایک مکان سے دوسرے مکان کو منتقل فرمایا گیا مگر اعانت و مدد کا ہاتھ ہمیشہ اسلام و مسلمین پر انشاء اللہ تعالیٰ رہے گا۔

بتاؤں کہ وہ مشہور مجدد کون ہے؟ جس کے وصال میں عامۂ اہل اسلام بیچین ہو کر کہتے ہیں کہ ہمارا امام رخصت ہو گیا۔ جمیع علماء اسلام کہتے کہ **مجدد مأتہ حاضرہ** وصال فرما گیا اور تمام مشائخ عظام جو مسند رشد و ہدایت کی زینت ہیں فرماتے ہیں کہ **قطب الارشاد** اُٹھ گیا غرض عرب و عجم میں ہلچل پڑ گئی بلکہ ارواح طیبہ پر بھی بڑا اثر پڑا بتاؤں کہ وہ محبوب و ممدوح خلائق **مجدد** کون ہے؟ جس کی خبر وفات سنتے ہی ہر طبقہ کو حسرت کے عالم میں سکتہ ہو گیا اور زبانیں بیساختہ دعائیں دینے لگیں اور برکتیں حاصل کرنے لگیں چنانچہ حضرت والد ماجد قبلہ مدظلہ کی زبان مبارک سے بیساختہ نکل گیا کہ رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ دیکھا گیا تو یہ وصال کی تاریخ کا جملہ ہے اب میں ممدوح کا نام و لقب مبارک بتاتا ہوں تم کہو اور کہتے رہو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور ہم کہیں۔

۱۳۴۰ھ

امام الہدیٰ عبد المصطفیٰ احمد رضا علیہ الرحمۃ

۱۹۲۱ء

بعض واقعات

وصیت نامہ تحریر کرایا پھر اس پر خود عمل کرایا وصال شریف تک کے تمام کام گھڑی دیکھکر ٹھیک وقت پر ارشاد ہوتے رہے۔ جب دو بجنے میں ۴ منٹ باقی تھے وقت پوچھا عرض کیا گیا فرمایا گھڑی کھلی ہوئی سامنے رکھدو یکایک ارشاد فرمایا تصاویر ہٹا دو۔ یہاں تصاویر کا کیا کام یہ خطرہ گذرنا تھا کہ خود ارشاد فرمایا یہی کارڈ لفافہ روپیہ پیسہ پھر ذرا وقفہ سے برادر معظم حضرت مولنا مولوی محمد حامد رضا خاں صاحب سے ارشاد فرمایا وضو کر آؤ قرآن عظیم لاؤ ابھی وہ تشریف نہ لائے کہ برادرم مولنا مصطفےٰ رضا خاں صاحب سلمہٗ سے پھر ارشاد ہوا اب بیٹھے کیا کر رہے ہو یٰسین شریف اور سورۂ رعد شریف تلاوت کرو اب عمر شریف سے چند منٹ رہ گئے ہیں حسب الحکم دونوں سورتیں تلاوت کی گئیں ایسے حضور قلب اور تیقظ سے سنیں کہ جس آیت میں اشتباہ ہوا یا سننے میں پوری نہ آئی یا سبقت زبان سے زیر زبر میں اُس وقت فرق ہوا خود تلاوت فرما کر بتا دی اس کے بعد سید محمود علی صاحب ایک مسلمان ڈاکٹر عاشق حسین صاحب کو اپنے ہمراہ لائے اُن کے ساتھ اور لوگ بھی حاضر ہوئے اُس وقت جو حضرات اندر گئے سب کے سلام کے جواب دئے اور سید صاحب سے دونوں ہاتھ بڑھا کر مصافحہ فرمایا۔ ڈاکٹر صاحب نے اعلیٰ حضرت قبلہ سے حال دریافت کرنا چاہا مگر وہ اُس وقت حکیم مطلق کی طرف متوجہ تھے اُن سے اپنے مرض یا علاج کے متعلق کچھ نہ ارشاد فرمایا سفر کی دعائیں جن کا چلتے وقت پڑھنا مسنون ہے تمام و کمال بلکہ معمول شریف سے زائد پڑھیں پھر کلمۂ طیبہ پورا پڑھا جب اُس کی طاقت نہ رہی اور سینہ پر دم آیا ادھر ہونٹوں کی حرکت و ذکر پاس انفاس کا ختم ہونا تھا کہ چہرۂ مبارک پر ایک لمعہ نور چمکا جس میں جنبش تھی جس طرح لمعان خورشید آئینہ میں جنبش کرتا ہے اُس کے غائب ہوتے ہی وہ جان نور جسم اطہر حضور سے پرواز کر گئی اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ خود اسی زمانہ میں ارشاد فرمایا تھا جنھیں ایک جھلک دکھا دیتے ہیں وہ شوق دیدار میں ایسے جاتے ہیں جانا معلوم بھی نہیں ہوتا ۲۵ صفر ۱۳۴۰ھ کو

ٹھیک نماز جمعہ کے وقت مجھے اس بات کا مشاہدہ ہوا کہ محبوبان خدا بڑی خوشی سے جان دیتے ہیں جان کنی کا وقت سخت ترین وقت ہے لوگوں کے چہروں پر وحشت چھا جاتی ہے ورنہ کم از کم شکن پڑ جاتی ہے۔ اور کیوں نہ ہو یہ جسم و روح جیسے دو پرانے دوستوں کے فراق کی گھڑی ہے مگر بجائے کلفت مسرت دیکھی وہ وصال محبوب کی پہلے سے بشارت پا چکے تھے۔ وصال محبوب کا وقت قریب آگیا ہے۔ عزیز و اقارب گرد و پیش حاضر ہیں مگر کسی کی طرف نظر بھر کر نہیں دیکھتے یقیناً وہ ایسی ذات سے عنقریب ملنے والے ہیں جو ان سب پیاروں سے کہیں زیادہ پیاری اور محبوب حقیقی ہے۔

غسل مطہر

غسل شریف میں علماء عظام اور سادات کرام اور حفاظ شریک تھے۔ جناب سید اظہر علی صاحب نے لحد کھودی جناب مولانا امجد علی صاحب نے حسب وصیت شریف غسل دیا اور جناب حافظ امیر حسن صاحب مراد آبادی نے مدد دی مولانا سید سلیمان اشرف صاحب اور سید محمود جان صاحب اور سید ممتاز علی صاحب اور عم مکرم جناب مولانا محمد رضا خاں صاحب نے پانی ڈالا یہ خاکسار اور جناب بھائی حکیم حسین رضا خاں صاحب اور جناب لیاقت علی خاں صاحب رضوی اور منشی خدا یار خاں صاحب رضوی پانی دینے میں مصروف رہے مولانا مصطفے رضا خاں صاحب علاوہ دیگر خدمات غسل کے وصیت نامہ کی دعا بھی لوگوں کو یاد کراتے تھے محدومنا مولانا شاہ محمد حامد رضا خاں صاحب نے مواضع سجود پر کافور لگایا جناب مولانا مولوی سید محمد نعیم الدین صاحب نے کفن شریف بچھایا میں نے نام اور کام اپنی ناتمام یاد پر لکھے ہیں اگر کسی صاحب کے نام و کام سے سہو ہوا ہو تو معاف فرمائیں عین وقت غسل ایک حاجی صاحب اعلیٰ حضرت قبلہ سے ملنے تشریف لائے انہیں یہاں آ کر وصال شریف کی خبر ہوئی تحفہ میں زمزم شریف اور مدینہ طیبہ کا عطر اور دیگر تبرکات ساتھ لائے تھے زمزم شریف میں کافور تر کیا گیا اور خدمت رخصت

میں لگا دیا گیا تاجدار مدینہ کے قربان (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) مدینہ طیبہ سے سرکاری عطا عین وقت پر پہونچی وصال محبوب کے لئے وہ اُن کی خوشبوؤں سے بسے ہوئے سدھارے غسل شریف سے فراغ حاصل ہونے پر عورتوں کو زیارت کا موقعہ دیا گیا گھر میں عورتوں کی اور باہر مردوں کی بے حد کثرت تھی۔ عورتوں نے زیارت کر لی لوگوں میں ایسا جوش کبھی نہ دیکھا گیا۔ کاندھا دینے کی آرزو میں آدمی پر آدمی گرتا تھا وجد و شوق نے لوگوں کو از خود رفتہ و بیخود بنا دیا تھا جو جنازہ تک پہنچ لئے وہ ہٹنے کا نام نہ لیتے تھے اور جو نہ پہنچے وہ اس کی کوشش میں کٹنے مرنے کو تیار تھے آج اپنے پرائے سب ایک تھے وہابی۔ رافضی۔ نیچری۔ حتی کہ گاندھوی تک بکثرت شریک تھے۔ ایک رافضی المذہب انتہائی کوشش اور پوری قوت صرف کر کے جنازہ تک پہونچا اُسے ایک سُنی نے یہ کہکر ہٹا دیا کہ مدت العمر اعلیٰحضرت کو تم لوگوں سے نفرت رہی جنازہ کو کاندھا نہ دینے دوں گا۔ اُس نے کہا کہ بھائی اب مجھے یہ کہاں ملیں گے مجھے اب تو نہ روکو۔ جنازہ ہر وقت کم از کم بیس کاندھوں پر رہا شہر میں کسی جگہہ نماز کی گنجائش نہ تھی عید گاہ میں نماز جنازہ ہوئی پہلے سے عید گاہ کے کسی معین راستہ کا اعلان نہ تھا۔ مگر دو رویہ چھتیں عورتوں سے اور راستے مردوں سے بھرے ہوئے منتظر تھے کہ امام اہلسنت کا یہ آخری جلوس ہے لاؤ نظارہ کر لیں بعد نماز عید گاہ میں زیارت کرائی گئی اور واپسی پر تمام راہ میں لوگوں نے دل کھول کر زیارت کی۔ حسب وصیت کروروں درود والی نظم نعت خواں پڑھ رہے تھے۔

وہ دعائیں جن کی نماز جنازہ میں پڑھنے کی وصیت فرمائی

۱
اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَشَاھِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا

توفه على الايمان ۔ اللهم لا تحرمنا اجره (ها) ولا تفتنا بعده (ها)
(۲) اللهم اغفر له (ها) وارحمه، وعافه، واعف عنه، واكرم
نزله، ووسع مدخله، واغسله بالماء والثلج والبرد
ونقه من الخطايا كما نقيت الثوب الابيض من الدنس و
ابدله دارا خيرا من داره (ها) واهلا خيرا من اهله (ها)
(وزوجا خيرا من زوجه) وادخله الجنة واعذه من
عذاب القبر ومن فتنة القبر وعذاب النار (۳) اللهم
(عبدك وابن) امتك (يشهد) ان لا اله الا انت وحدك
لا شريك لك و(يشهد) ان محمدا عبدك ورسولك
اصبح فقيرا الى رحمتك واصبحت غنيا عن عذابه (ها)
(تخلى) من الدنيا واهلها ان كان (زاكيا) فزكه (ها) وان كان
(مخطئا) فاغفر له، اللهم لا تحرمنا اجره (ها) ولا تضلنا بعده (ها)
(۴) اللهم (هذا عبدك ابن) عبدك (ابن) امتك ماض فيه حكمك
خلقته و لم (يك) شيئا مذكورا (نزل) بك وانت خير
منزول به اللهم لقنه حجته والحقه بنبيه محمد
صلى الله تعالى عليه وسلم وثبته بالقول الثابت فانه افتقر
اليك واستغنيت عنه كان يشهد ان لا اله الا الله
فاغفر له وارحمه ولا تحرمنا اجره ولا تفتنا بعده (ها)
اللهم ان كان زاكيا فزكه وان كان خاطئا فاغفر
له (۵) اللهم (عبدك وابن امتك احتاج) الى رحمتك
وانت غني عن عذابه ان كان محسنا فزد في احسانه (ها)

وان كان مسيئا فتجاوز عنه (۶) اللهم عبدك و(ابن)
عبدك كان (يشهد) ان لا اله الا الله وان محمدا عبدك
ورسولك صلى الله تعالى عليه وسلم وانت اعلم به منا
ان كان محسنا فزد في احسانه وان كان مسيئا فاغفر له
ولا تحرمنا اجره (ها) ولا تفتنا بعده (۷) اصبح عبدك هذا
قد تخلى عن الدنيا وتركها لاهلها و(افتقر) اليك و
استغنيت عنه وقد كان (يشهد) ان لا اله الا الله و
ان محمدا عبدك ورسولك صلى الله تعالى عليه وسلم
اللهم اغفر له وتجاوز عنه والحقه بنبيه صلى الله
تعالى عليه وسلم (۸) اللهم انت ربها وانت خلقتها وانت هديتها
للاسلام وانت قبضت روحها وانت اعلم بسرها وعلانيتها
جئنا شفعاء فاغفر لها (۹) اللهم اغفر لاخواننا واخواتنا و
اصلح ذات بيننا والف بين قلوبنا اللهم (هذا عبدك)
فلان (بن) فلان ولا نعلم الا خيرا وانت اعلم به منا فاغفر لنا
وله (۱۰) اللهم ان فلان (بن) فلان في ذمتك وحبل جوارك
فقه من فتنة القبر وعذاب النار وانت اهل الوفاء والحمد
اللهم فاغفر له وارحمه انك انت الغفور الرحيم (۱۱)
اللهم اجرها من الشيطان وعذاب القبر اللهم جاف الارض
عن جنبيها وصعد روحها ولقها منك رضوانا (۱۲) اللهم انك
خلقتنا ونحن عبادك انت ربنا واليك معادنا (۱۳) اللهم اغفر
لاولنا وآخرنا وحينا وميتنا وذكرنا وانثانا وصغيرنا وكبيرنا

[illegible] رواه البغوي [illegible] رواه البغوي عن ابراهيم [illegible]

وشاهدنا وغائبنا اللهم لا تحرمنا اجره ولا تفتنا بعده (۱۴) اللهم
یا ارحم الراحمین یا ارحم الراحمین یا ارحم الراحمین یا حی یا قیوم یا
بدیع السموت والارض یا ذا الجلال والاکرام انی اسألک بانی اشهد
انک انت اللہ الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا
احد ہ اللهم انی اسألک واتوجه الیک بنبیک محمد نبی الرحمة
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللهم ان الکریم اذا امر بالسؤال لم یرده
ابدا وقد امرتنا فدعونا واذنت لنا فشفعنا وانت اکرم الاکرمین تشفعنا
نبیه وارحمه فی وحدته وارحمه فی وحشته وارحمه
فی غربته وارحمه فی کربته واعظم له اجره ونور
له قبره وبیض له وجهه وبرد له مضجعه و
عطر له منزله واکرم له نزله یا خیر المنزلین ط ویا خیر الغافرین
ویا خیر الراحمین ط آمین آمین آمین صل وسلم وبارک علی سید
الشافعین محمد وآله وصحبه اجمعین ط والحمد للہ رب العلمین ہ

پاک اکیڈمی
سے
فہرست طلب کریں

حضور پُر نور اعلیحضرت شیخ الاسلام و المسلمین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مختصر حالات

حضور پُر نور کے اسلاف کرام قندھار کے رہنے والے تھے ہندوستان میں آکر قابلیت وجاہت شجاعت کی بدولت سلاطین مغلیہ کے درباروں میں مناصب جلیلہ پر ممتاز رہے یہ وتیرہ رہا کہ مدت دراز تک رکن سلطنت بنکر حکمرانی کی شان رکھتا اور عمر کے پچھلے حصہ میں ترک دنیا کر کے یاد الٰہی میں مصروف ہو جاتا پھر اسی شان سے اپنے رب تبارک و تعالیٰ کے حضور حاضر ہو جاتے۔ عالیجناب مولٰنا کاظم علیخاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ تک تو یہ طریقہ مستمر رہا مگر قطب الوقت اعلیحضرت مولٰنا مولوی محمد رضا علیخاں صاحب الغفار رحمۃ اللہ علیہ نے جو اعلیحضرت قبلہ کے جد امجد ہیں اپنا طرز عمل تبدیل کر دیا امارت ظاہری سے کبھی کوئی تعلق نہ رکھا اور ساری عمر کامل فقیری و درویشی میں گذار دی یہ بزرگ اپنے وقت میں شریعت و طریقت کے امام مانے گئے ہیں انکی بیشمار کرامتیں اہل شہر کی زبانوں پر ہیں موافق و مخالف انکی مدح میں رطب اللسان ہیں خطب علمی انکی تصانیف میں مشہور تر تصنیف ہے کہ انھوں نے اپنے تلمیذ خاص مولٰنا علمی کے نام سے شایع کرائی انکے بعد انکے صاحبزادے مولٰنا مولوی محمد نقی علیخاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ مسند شریعت پر رونق افروز ہوئے انھوں نے اپنے مبارک عہد میں علمی دنیا پر بڑے بڑے احسان کئے اور اپنے بعد بھی دنیائے اسلام کی رہنمائی کیلئے اپنی علمی تصنیفات اور حضور پر نور اعلیحضرت کی ذات کو چھوڑا یہ وہ مبارک ہستی ہے جسکو خدائے قدوس نے محض دین کی حمایت کیلئے اس گئی گذری زمانہ میں خلق فرمایا محرم ۱۲۷۲ھ میں حضور پر نور کی ولادت ہوئی اور اپنے فطری شوق کی بدولت صرف چودہ سال کی عمر شریف میں فراغ حاصل فرما کر مسند افتا پر نزول اجلال فرمایا اور اپنے مہربان باپ کو امامت تدریس افتا وغیرہ کاموں سے سبکدوش کر دیا عمر شریف وقف خدمات دینیہ رہی تیرہویں صدی کے آخر تک تو کسیوقت جلسہ احباب میں بھی رونق افروز ہوا کرتے مگر چودھویں صدی کے شروع میں احباب سے یہ کہکر کہ اب صدی بدلی ہمیں بھی اپنا رنگ بدلنا چاہیے گوشہ نشینی اختیار فرمالی اس زمانہ واقف ہے انکی پاک زندگی پر نظر کرنیسے یہ پتہ چلتا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انھیں صرف دو کاموں کے واسطے مخصوص فرما دیا تھا احیاء دین اور احیاء علوم اول الذکر کیطرف الکامل طبعی تھا اور اس سے دلچسپی انکی فطرت میں داخل تھی بارہا کا تجربہ شاہد ہے کہ خدمت دین انکی طبیعت ثانیہ ہو چکی تھی علالت کے زمانہ میں بلا کسی وقت کے وہ کار فتا

انجام دیتے تھے اگر کسی طبیب کے اصرار پر چند گھڑیوں کیلئے مشاغل علمیہ سے دست کش ہوتے تو مرض کا غلبہ ہونیلگا اور کیوں نہ ہو کہ خدمت دین انکے حق میں غذائے روح تھی فی الوقت ہندوستان میں کوئی باطل فرقہ ایسا نہیں ہے جسکے رد میں انکی بکثرت تحریریں موجود نہوں جب دین میں کوئی نیا فتنہ اٹھتا تو سب سے پہلے حضور کے زبان و قلم کو حرکت ہوتی اور کامل استیصال فرماکر چھوڑتے میں خیال کرتا ہوں کہ ہر فتنہ انگیز کو فتنہ پھیلانے سے قبل یہ خیال ضرور رہتا تھا کہ اعلیحضرت کی سیف زبان و نیزہ قلم کا کیا جواب دونگا حرمین محترمین میں ہزاروں سنی عالم گرویدہ ہوگئے مگر وہاں کے اجلہ علماء نے بھی سندیں لیں جنہوں نے دست حق پرست پر بیعتیں کیں اور استاد بنایا کمال عزت و احترام کئے انہیں مجدد مائۃ حاضرہ و امام اہلسنت کے مبارک خطابوں سے مخاطب کیا حضور پرنور اعلیحضرت ہی تھے جن پر علوم و فنون درسیہ تو انکی آبائی میراث تھی بکثرت علوم غیر درسیہ جن کا احیاء خداوند عالم نے حضور پرنور کے دست اقدس سے کرایا مثلاً تکسیر توقیت لوگارثم جبر و مقابلہ اعظم جفر وغیرہ محرم سنہ ۱۳۲۷ میں ایک فہرست تصانیف مرتب ہوئی جسکا تاریخی نام المجمل المعدد لتالیفات المجدد ہے اسوقت تک اعلیحضرت قبلہ کی تصانیف کا عدد تین سو پچاس تھا اسکے بعد سے آخری وقت تک تصانیف کا سلسلہ علی الاتصال جاری رہا ہر وہ علیحدہ ہو میں اندازہ کرتا ہوں کہ اب اگر کوئی فہرست مرتب ہو تو کتنی ہی تصنیفات اور ملینگی فتاوی رضویہ جسکی بارہ ۱۲ جلدیں ہیں ان تمام کتابوں میں زیادہ ضخیم ہے۔ اگر تمام تصنیفات کو جمع کرکے عمر شریف پر تقسیم کیا جائے تو یقیناً حضور پرنور ان چند علمائے اعلام میں شمار ہونگے جنکی عمر کے ہر دن میں کئی جز تصنیف کا حساب پڑتا ہے زہد و تقویٰ کا یہ عالم تھا کہ میں نے بعض مشائخ کرام کو یہ کہتے سنا ہے کہ ان کو دیکھکر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زیارت کا شوق کم ہو گیا علم میں وہ پایہ پایا کہ اجلہ علماء فرماتے تھے کہ گذشتہ دو صدی کے اندر کوئی ایسا جامع عالم نظر نہیں آتا غرضکہ کم و بیش پچاس برس تک علوم کا سمندر موجیں لیتا رہا اور ۲۵ صفر سنہ ۱۳۴۰ھ کو جمعہ کے دن ۲ بجکر ۳۸ منٹ پر عین اذان جمعہ میں ادھر حی علی الفلاح سنا ادھر روح پرفتوح نے داعی اللہ کو لبیک کہا انا للہ وانا الیہ راجعون

حضور پرنور نے اپنی ولادت و وفات کی تاریخیں قرآن کریم سے خود استخراج فرمائی ہیں وہ درج ذیل کیجاتی ہیں

تاریخ ولادت	تاریخ وفات جو وصال سے چار ماہ بائیس روز قبل تحریر فرمائی
اولئک کتب فی قلوبہم الایمان وایدہم بروح منہ ۱۲۷۲	ویطاف علیہم بآنیۃ من فضۃ واکواب ۱۳۴۰